ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کو قبولیت سے نوازیں۔ شخصیات کی سیرت وسوانح سے دلچسپی رکھنے والوں اور عام طلبہ وار دوان طبقہ کے لئے اس خصوصی اشاعت کا مطالعہ انتہائی مفید ہے۔

کتاب: درس ہدایہ افادات: حضرت مولانا سعید الرحمٰن تالیف مولوی نوید احمد حقانی

ضخامت: ۳۵۲ صفحات قیمت: ۲۰۰ روپے ناشر: اقراء قرآن کمپنی لاہور

قرآن وحدیث کے بعد علوم اسلامیہ میں علم فقہ کا مقام ومرتبہ کسی سے پوشیدہ نہیں' اس علم اورفن کی اہمیت کی وجہ سے ہزاروں کتابیں منظر عام پر آئیں' جو مستقل طور پر لائبریریوں کی شکل اختیار کر چکی ہے۔

کتب فقہ میں ہدایہ اپنے موضوع اور طرز کے اعتبار سے بالکل منفرد کتاب ہے جو اپنی علمی اور تحقیقی حیثیت کی وجہ سے درس نظامی میں شامل نصاب ہے۔ علماء متقدمین نے کئی کئی جلدوں میں اس کی علمی تشریحات جسمیں ''البنایہ'' اور فتح القدیر قابل ذکر ہیں۔

زیر نظر کتاب درس ہدایہ ان افادات کا مجموعہ ہے جو کہ دارالعلوم حقانیہ کے جید مدرس شیخ التفسیر مولانا عبدالحلیم صاحب دیر بابا جی کے علمی جانشین مولانا سعید الرحمٰن صاحب دیروی زید مجدہ نے دوران درس ہدایہ (کتاب البیوع) ارشاد فرمائے ہیں' جن کو ان کے لائق وفائق تلمیذ مولانا نوید احمد حقانی نے مرتب کیا ہے۔ مولانا سعید الرحمٰن صاحب ہم سب کی طرف سے اس عظیم علمی کاوش پر شکریہ کے مستحق ہیں۔

راقم نے اپنے عہد طالبعلمی میں مولانا سعید الرحمٰن صاحب کی علمی کاوش ''کافیہ حلیمی'' جب منظر عام پر لایا' تو طلباء کی طرف سے ہدایہ بیوع پر شرح لکھنے کا' کے مطالبے نے زور پکڑ لیا' راقم نے کئی طلباء کو ترغیب دی لیکن بالآخر ہم جماعت ساتھیوں میں یہ علمی خدمت اللہ تعالیٰ نے مولوی نوید احمد حقانی سے لی۔ نیز استاذ محترم مولانا تحسین اللہ صاحب نے انتہائی عرقریزی اور ژرف بینی سے اس کی تصحیح ونظر ثانی فرمائی۔

کتاب کی زبان انتہائی سہل اور آسان ہے جس میں قاری کسی قسم کی دشواری مسئلہ کے سمجھنے میں محسوس نہیں کرتے۔ مزید برآں قواعد کے ذکر کے ساتھ ساتھ مسائل کی تشریح صورتوں سے بھی کی گئی ہے جس سے زیر بحث مسئلہ مکمل طور پر منقح ہو جاتا ہے۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ صاحب افادات اور جامع ومرتب کو اجر جزیل سے نوازے جنہوں نے مدرسین وطلبہ اور علمی دنیا پر احسان کر کے ایک بہترین تحفہ ان کے سامنے پیش کیا ہے۔ عروس جمیل در لباس حریر کے مصداق' بہترین جلد' دیدہ زیب ٹائٹل پر مشتمل یہ علمی سوغات آپ دارالعلوم حقانیہ (03005167962) سے طلب کر سکتے ہیں۔